مسلمانوں میں سے ایک آدمی رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا، آپ مسجد میں تشریف فرما تھے، اس نے آپ کو آواز دی اور کہا: اے اللہ کے رسول ! میں نے زنا کیا ہے

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ مسلمانوں میں سے ایک آدمی رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا، آپ مسجد میں تشریف فرما تھے، اس نے آپ کو آواز دی اور کہا: اے اللہ کے رسول ! میں نے زنا کیا ہے، نبی کریم ﷺ نے اس سے اپنا منہ پھیر لیا، لیکن وہ گھوم کر ایک طرف سے آپ ﷺ کے سامنے آیا اور کہنے لگا: اللہ کے رسول ! میں نے زنا کیا ہے، آپ نے (پھر) اس سے منہ پھیر لیا، حتی کہ اس نے آپ کے سامنے یہی کلمات چار مرتبہ دہرائے، جب اس نے اپنے خلاف چار گواہیاں دے دیں، تو رسول اللہ ﷺ نے اسے بلایا اور پوچھا: کیا تم پاگل ہو؟ اس نے عرض کیا نہیں، پھر پوچھا: کیا تو شادی شدہ ہے؟ اس نے عرض کیا: جی ہاں! تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اسے لے جاؤ اور سنگ سار کردو، ابن شہاب کہتے ہیں: مجھے ابو سلمہ بن عبد الرحمن نے خبر دی، جنہوں نے جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے سنا کہ جابر رضی اللہ عنہ کہتے تھے: ”میں ان لوگوں میں شامل تھا، جنہوں نے اسے رجم کیا، ہم نے اسے عیدگاہ میں سنگ سار کیا، پس جب اسے پتھر لگے تو وہ بھاگ گیا، ہم نے اسے میدان حَرّہ میں پایا اور سنگ سار کردیا“

[صحیح] [متفق علیہ]

ماعز بن مالک اسلمی رضی اللہ عنہ، نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے، اس وقت آپ ﷺ مسجد میں تشریف فرماتھے، انہوں نے آپ کو آواز دی اور زنا کے ارتکاب کا اعتراف کیا، آپ ﷺ نے ان سے اپنا چہرہ پھیر لیا، شاید آپ کا مقصد یہ تھا کہ وہ واپس لوٹ جائیں اور ان کے اور اللہ تعالیٰ کے علم میں مخفی اس امر سے توبہ کرلیں، لیکن وہ اپنے گناہ سے سخت نالاں تھے اور حد رجم کے ذریعہ خود کو پاک و صاف کرانے کا پختہ عزم لیے حاضر ہوئے تھے، چنانچہ وہ دوبارہ آپ کے روبرو آئے اور پھر زنا کے ارتکاب کا اعتراف کیا، آپ ﷺ نے اس مرتبہ بھی ان سے اپنا چہرہ پھیر لیا، تاآں کہ انہوں نے چار مرتبہ ارتکاب زنا کا اعتراف کیا، اس مرتبہ آپ ﷺ اس معاملہ کی تحقیق کے لیے متوجہ ہوئے اور ان سے دریافت کیا کہ تمہیں پاگل پن کی بیماری تو نہیں؟ انہوں نے جواب دیا: نہیں، آپ ﷺ نے ان کے گھر والوں سے ان کی عقل کے بارے میں دریافت فرمایا، تو انہوں نے ان کی عقل کو درست قرار دیا، پھر آپ ﷺ نے ماعز رضی اللہ عنہ سے پوچھا: آیا وہ شادی شدہ ہیں یا غیر شادی شدہ کہ وہ رجم کے حق دار نہیں ہوتے؟ انہوں نے بتایا کہ وہ شادی شدہ ہیں، آپ ﷺ نے ان سے دریافت کیا کہ شاید انہوں نے چھونے یا بوس و کنار کرنے جیسی حرکات کی ہوں کہ جس سے حد رجم واجب نہیں ہوتی، تاہم انہوں نے واقعتا زنا کے ارتکاب کی وضاحت کر دی، جب نبی ﷺ نے ہر اعتبار سے معاملہ کی چھان بین فرمالی اور حد رجم کے نفاذ کا وجوب ثابت ہوگیا، تو اپنے صحابہ کو حکم دیا کہ انہیں لے جاکر سنگ سار کردیں، چنانچہ صحابہ کرام، انہیں لے کر بقیع غرقد کی جانب نکلے -یہ نماز جنازہ کی جگہ تھی- اور انہیں رجم کرنا شروع کیا، جب انہیں پتھروں کی شدت محسوس ہوئی، تو اس سے بچنا چاہا اور موت سے بھاگنے کی آرزو کی؛ کیوں کہ انسانی نفس اس سزا کا متحمل نہیں ہوسکتا، چنانچہ وہ بھاگ پڑے، صحابہ نے انہیں مقام حرہ (مدینہ میں واقع کثرت سے پائے جانے والے سیاہ پتھروں کی سرزمین) پر آلیا اور مارنے لگے، یہاں تک کہ ان کی موت ہوگئی، اللہ تعالیٰ ان پر رحم فرمائے اور ان سے راضی ہو


لجنة الدعوة الإلكترونية
EDC
E-Da'wah Committee


النجاة الخيرية
ALNAJAT CHARITY